DAY— 14 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | III | 01 | 1500 | J-358 | (U)

ECONOMICS (49)

Time : 3 Hrs. **(8 Pages)** **Max. Marks : 80**

ہدایات :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(۲) جہاں ضروری ہو صاف جدول / ترسیم بنائیے۔

(۳) بائیں جانب کے ہندسے پورے نمبرات ظاہر کرتے ہیں۔

(۴) ہر ایک نئے سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر 1 :-(الف) معاشی اصطلاح بتائیے۔ (5) **[20]**

(۱) ایک خواہش جسے خریدنے کی رضامندی اور ادائیگی کی قابلیت کی حمایت حاصل ہو۔

(۲) ایسے ڈپازٹ جو مانگنے پر نکالے جاسکتے ہیں۔

(۳) پیداواری عمل کے دوران سرمائی اثاثوں (Capital Assets) کے استعمال کی بناء پر ان میں ہونے والی ٹوٹ پھوٹ۔

(۴) قیمت میں متناسب فیصد تبدیلی سے اشیاء کی مانگ میں متناسب فیصد تبدیلی کی لچک۔

(۵) ایک مخصوص مدّت میں ملک کی درآمد و برآمد کی قدر میں فرق۔

(ب) باہمی تعلق مکمل کیجئے۔ (5)

(۱) اندرونی تجارت : گھریلو تجارت : : بیرونی تجارت : ☐

(۲) متفرق قیمتیں : ☐ : : واحد قیمت : مکمل مسابقت۔

(۳) ☐ : مرکزی بینک : : SBI : تجارتی بینک۔

(۴) پیداواری طریقہ: ☐ : آمدنی طریقہ : عامل لاگت طریقہ۔

(۵) افراطِ زر کا دور (The period of Inflation) : اضافی بجٹ : :
مندی کا دور (The period of Depression) : ☐

(ج) غیر متعلق لفظ پہچانئے۔ (5)

(۱) پائیدار اشیاء (زیادہ دن ٹکنے والی اشیاء):- فرنیچر، الماری، واشنگ مشین، مچھلی۔

(۲) لاگت نظریات (خرچ کے نظریات):-کُل لاگت، اوسط لاگت، حاشیائی لاگت، فروخت لاگت۔

(۳) قانونی اجارہ داری:- پیٹنٹ (Patent)، پیٹرول برآمد ممالک کی تنظیم (OPEC)، جملہ حقوق محفوظ (Copyright)، تجارتی نشان (Trademark)

(۴) معاشی فلاح کا نظریہ (Theory):- آمدنی و روزگار کا نظریہ، پیداواری شعبہ کی صلاحیت، صرفی اشیاء کی صلاحیت، کُل معاشی صلاحیت۔

(۵) مانگ کے قانون کے مستثنیات (Exceptions):-گفن کا تضاد، شان و شوکت ظاہر کرنے والی اشیاء، قیمتوں سے متعلق وہم، محنت کی رسد۔

(د) درج ذیل بیانات مکمل کیجئے۔ (5)

(۱) جزوی معاشیات اور کلّی معاشیات ان اصطلاحات کو پیش کرنے والا ناروجیئن (Norwegian) ماہرِ معاشیات .....

(الف) ایڈم اِسمتھ (ب) جے۔ایم۔کینس

(ج) جے۔بی۔سے (د) ریگنرفرسک

(۲) جب رسد کا خط اوپر کی سمت میں جاتا ہے تب اس کا ڈھلان .....

(الف) مثبت (ب) منفی

(ج) پہلے مثبت بعد میں منفی (د) صفر

(۳) قیمت اشاریہ نمبر (انڈیکس نمبر) کا استعمال .....

(الف) اشیاء کی قیمت میں عام تبدیلیوں کی پیمائش کے لئے

(ب) جغرافیائی وسیلہ کے طور پر

(ج) ہوا کے دباؤ کی پیمائش کے لئے

(د) اشیاء کی پیمائش کے لئے

(۴) ترقیاتی مالیاتی ادارہ قائم کرنے کی وجہ وہ .....

(الف) کم مدّت کے فنڈ مہیا کرتے ہیں

(ب) زرعی، صنعتی اور دوسرے اہم شعبوں کی ترقی میں مددگار ثابت ہوتے ہیں

(ج) زر بازار کو گردش دیتے ہیں

(د) سرمایہ بازار کو گردش دیتے ہیں

(۵) حکومت کے لازمی کام ..... ہیں۔

(الف) تعلیم وصحت کی خدمات کی فراہمی

(ب) پینشن (Pension) کی فراہمی

(ج) اندرونی امن وامان قائم رکھنا

(د) فلاح و بہبود کے اقدامات کی فراہمی

سوال نمبر2 :- (الف) تصوّرات کی شناخت اور وضاحت کیجئے۔ (کوئی تین) (6) **[12]**

(۱) ابھیجیت نے 15 کرسیاں 3000 روپئے میں فروخت کیں۔ فی کرسی پر اس نے 200 روپئے کمائے۔

(۲) راجا رام نے 25 کوئنٹل گیہوں کی پیداوار اپنے کھیت میں کی۔ اس میں سے 2 کوئنٹل گیہوں خود کے خاندان کے لئے الگ سے رکھے۔

(۳) رانی نے مطالعہ کے مقصد کے لئے ہندوستان کی قومی آمدنی کا ڈیٹا (data) اکٹھا کیا۔

(۴) امر نے اپنی چائے کی مانگ پوری کرنے کے لئے دودھ، شکر، چائے پاؤڈر کی مانگ ایک ساتھ کی۔

(۵) سنیتا میڈم نے بلیک بورڈ (Blackboard) پر لکھنے کی اپنی خواہش کو چاک کے استعمال سے مکمل کیا۔

(ب) فرق واضح کیجئے۔ (کوئی تین) (6)

(۱) جزوی معاشیات اور کُلی معاشیات۔

(۲) مکمل لچکدار مانگ اور مکمل غیر لچکدار مانگ۔

(۳) مقداراشاریہ نمبر اور قدراشاریہ نمبر

(۴) اندرونی قرضے اور بیرونی قرضے (Internal Debt and External Debt)

(۵) رسد میں پھیلاؤ (پھیلنا) اور رسد میں اضافہ۔

سوال نمبر 3 :- درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔ (کوئی تین) **[12]**

(۱) جزوی معاشیات کی کوئی چار خصوصیات واضح کیجئے۔

(۲) تجارتی بینک (Commercial Bank) کے کاموں کی وضاحت کیجئے۔

(۳) وقت کی بنیاد پر بازار کی درجہ بندی واضح کیجئے۔

(۴) درج ذیل اعداد کی بناء پر قیمت اشاریہ نمبر (انڈیکس نمبر) بتائیے۔

اشیاء	الف	ب	ج	د
2005ء کی قیمتیں (₹)	6	16	24	4
2010ء کی قیمتیں (₹)	8	18	28	6

(۵) غیر ملکی تجارت کے ہندوستان میں کردار کے کوئی چار نکات واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4 :- وجوہات کے ساتھ بتائیے۔ کیا آپ درج ذیل بیانات سے متفق ہیں یا غیر متفق۔ (کوئی تین) **[12]**

(۱) مانگ کا خط بائیں سے دائیں، نیچے کی جانب ڈھلان بناتا ہے۔

(۲) اشاریہ نمبر کی کوئی حد بندیاں (Limitations) نہیں ہیں۔

(۳) مانگ کی لچک کئی عوامل پر منحصر ہوتی ہے۔

(۴) رسد کے قانون کے کچھ مستثنیات (Exceptions) ہوتے ہیں۔

(۵) سرمایہ بازار ہندوستانی معیشت میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔

سوال نمبر 5 :- درج ذیل جدول، ترسیم اور پیراگراف کا بغور مطالعہ کر کے سوالات کے جوابات لکھئے۔ (کوئی دو) **[8]**

(i) جدول کا مطالعہ کر کے سوالوں کے جوابات لکھئے۔

مانگ کی مقدار				
بازاری مانگ (کلو میں) (A + B + C)	صارف C	صارف B	صارف A	قیمت فی کلو (روپئے میں)
	15	10	5	35
	20	15	10	30
	25	20	15	25
	30	25	20	20

(الف) بازاری مانگ کی جدول کو مکمل کیجئے۔ (2)

(ب) اوپر کے بازاری جدول کی بنا پر بازاری مانگ کا قوس بنائیے۔ (2)

(ii) درج ذیل ترسیم غیر خطی مانگ کے قوس کی ہے۔

درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے۔



(۱) اگر (Ed = 1) EB = EA ہوتو ..... (1)

(۲) اگر (Ed > 1) EB > EA ہوتو ..... (1)

(۳) اگر (Ed < 1) EB < EA ہوتو ..... (1)

(۴) X محور پر شئے کی ..... ظاہر کی گئی ہے اور Y محور پر شئے کی ..... ظاہر کی گئی ہے۔ (1)

(iii) کنٹرول بازار ایک ایسا تھوک بازار (Wholesale market) ہے جہاں خرید و فروخت کے معاملات کو ریاستی حکومت کی جانب سے بازار کمیٹی کے ذریعے کنٹرول کیا جاتا ہے۔

کنٹرول بازار کا اہم ترین مقصد فروشندے اور آجر کو مختلف سہولیات فراہم کرانا ہے۔ نیز غیر اخلاقی روایات اور غیر دیانت داری اور دھوکا دہی کو کنٹرول کرنا ہے۔ دراصل زرعی بازارکاری بازار میں ابتدائی و ثانوی بازار میں ناقص معیارات (Poor standards) جیسے نقد لین دین، وزن میں کمی و بیشی، زائد بازار فیس، غیر

قانونی وصولی، فروشندہ اور خریدار کا اختلاف، نظامت کا فقدان وغیرہ رکاوٹیں پائی جاتی ہیں۔ یہ تمام خامیاں اور رکاوٹیں کنٹرول بازار کے قیام سے دور کیے جاسکتے ہیں۔ 1939ء میں نافذ کئے گئے بامبے ایگری کلچر پروڈکٹ مارکیٹ ایکٹ (Bombay Agricultural Product Market Act) کے مطابق بازار کنٹرول کیا جاتا ہے۔ اس بازار میں بنیادی طور پر اناج، پھل، تمباکو، کپاس، مونگ پھلی، ناریل، سُپاری، آلو اور ہلدی وغیرہ تجارتیں کنٹرول کی جاتی ہیں۔

سوالات :-

(۱) کون سا ایکٹ (Act) بازار کنٹرول کرتا ہے؟ (1)

(۲) ابتدائی اور ثانوی بازار میں ناقص معیارات کون کون سے ہیں؟ (1)

(۳) اوپر کے پیراگراف پر اپنی رائے پیش کیجئے۔ (2)

سوال نمبر 6 :- مفصّل جواب لکھئے۔ (کوئی دو) **[16]**

(۱) گھٹتی ہوئی حاشیائی افادیت کا قانون اسکے مفروضات (Assumptions) کے ساتھ بیان اور واضح کیجئے۔

(۲) قومی آمدنی کے معنی بیان کیجئے اور قومی آمدنی کی خصوصیات (Features) واضح کیجئے۔

(۳) حکومت کے عوامی اخراجات میں اضافے کی مختلف وجوہات (Reasons) بیان کیجئے۔

◆◆◆